NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Friday, the 16th October, 2026 at 11:00 a.m.

1. *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

QUESTIONS

2. Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

CALLING ATTENTION NOTICE

3. **MS. ASIYA NAZ TANOLI** to invite attention of the Minister for Interior and Narcotics Control, to a matter of urgent public importance regarding the dumping of garbage by the CDA between Sectors I-10 and I-11, resulting in environmental pollution, foul smell, potential groundwater contamination and serious public health risks, causing grave concern amongst the public.

INTRODUCTION OF BILLS

4. **MR. KHALID MAQBOOL SIDDIQUI,** Minister for Federal Education and Professional Training, to introduce a Bill further to amend the National Book Foundation Act, 1972 [The National Book Foundation (Amendment) Bill, 2026].

5. **SENATOR MUSADIK MASOOD MALIK,** Minister for Climate Change and Environmental Coordination, to introduce a Bill further to amend the Pakistan Climate Change Act, 2017 [The Pakistan Climate Change (Amendment) Bill, 2026].

MOTION OF THANKS

6. **Discussion** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs, on 30th March, 2026:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of the Islamic Republic of Pakistan for his address to both the Houses assembled together on 2nd March, 2026."

CALLING ATTENTION NOTICE

7. **MR. KHUSHAL KHAN KAKAR** to invite attention of the Minister for Water Resources, to a matter of urgent public importance regarding the complete absence of water storage and Check-Dam construction across the drought-stricken northern Pashtun belt of Balochistan, causing grave concern amongst the public.

Islamabad, the
15th October, 2026

SAEED AHMAD MAITLA
Acting Secretary

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

نظام کار

برائے اجلاس قومی اسمبلی جو جمعہ، ۱۶/اکتوبر، ۲۰۲۶ء صبح گیارہ بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **محترمہ آسیہ ناز تنولی** وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گی جو سی ڈی اے کی جانب سے سیکٹر آئی۔۱۰/اور آئی۔۱۱ کے درمیان کوڑا کرکٹ کو ٹھکانے لگانے کے نتیجے میں پیدا ہونے والی ماحولیاتی آلودگی، بدبو، زیر زمین پانی آلودہ ہونے کے امکان اور صحت عامہ کو لاحق سنگین خطرات سے متعلق ہے۔

بلوں کا پیش کرنا

۴۔ **جناب خالد مقبول صدیقی**، وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ وارانہ تربیت، نیشنل بک فاؤنڈیشن ایکٹ، ۱۹۷۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [نیشنل بک فاؤنڈیشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گے۔

۵۔ **سینیٹر مصدق مسعود ملک**، وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی معاونت، پاکستان موسمیاتی تبدیلی ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پاکستان موسمیاتی تبدیلی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گے۔

تحریک تشکر

۶۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۳۰ مارچ، ۲۰۲۶ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر بحث:۔

"یہ ایوان ۲ مارچ، ۲۰۲۶ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

توجہ دلاؤ نوٹس

۷۔ **جناب خوشحال خان کاکڑ** وزیر برائے آبی وسائل کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو خشک سالی سے متاثرہ بلوچستان کی پوری شمالی پشتون پٹی میں آبی ذخیرہ اور چیک ڈیم کی تعمیر کے مکمل فقدان سے متعلق ہے۔

اسلام آباد،
۱۵/اکتوبر، ۲۰۲۶ء

سعید احمد میتلا
قائم مقام سیکرٹری